مطلق خواہند شد ارکان حج کہ از اعظم
عبادت است اگر بجائے دیگر ادا نماید کفر است
صریح باید کہ گرد قبرے یا خانہ سوائے خانہ
کعبہ نگردند کہ میفرماید وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ
الْعَتِيقِ باید کہ طواف کنند باین خانہ قدیم
و درمیان دو مکان سوای صفا و مروہ نباید
دوید و جانوری را سوائے خدا تعالی برائے
دیگر ذبح نباید کرد ہمچنین است سر تراشیدن
و صورت زایران نمودن و دیگر ارکان حج
نیز برین قیاس باید کرد و بہترین طاعات
زکوۃ است و انفاق فی سبیل اللہ نقد و جنس
و یا طعام اگر بنام مردگان و نیاز بزرگان یا
جن و پری و ملائکہ یا دیگر غیر اللہ باشد شرک
است و خوردن آن طعام ناجایز قَالَ اللّٰهُ
تَعَالٰی حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ
وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهِ حرام

إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ یعنی
تم اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مردوں کو سنا سکتے ہو
نہ بہروں کو یعنی سننے کی حقیقت میں مردہ اور بہرہ برابر ہے
وَمَا أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَنْ فِي الْقُبُورِ اور نہ تم ان لوگوں
کو سنا سکتے ہو جو قبروں میں ہیں اسیطرح قرآن مجید
محض خدا کے واسطے پڑھنا عبادت ہے اور غیر خدا کی رضامندی
اور تقرب کے واسطے پڑھنا شرک روزہ جو ساری عبادتوں
سے بڑی عبادت ہے اگر غیر خدا کے واسطے رکھیں خواہ سارا
روزہ یا آدھا کافر مطلق ہونگے اسیطرح حج جو تمام عبادتوں
سے فضل ہے اگر کسی اور کے واسطے ادا کریگا صریح کفر میں
مبتلا ہوگا خانہ کعبہ کے علاوہ کسی قبر یا گھر کے گرد گھومنا
نہ چاہیے کیونکہ خدا تعالی فرماتا ہے وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ
الْعَتِيقِ یعنی اسی قدیم گھر کا طواف کرنا چاہیے اور صفا
مروہ کے سوا کسی مکان میں دوڑنا نچاہیے اور جانور
خدا تعالی کے علاوہ کسی اور کے لیے ذبح نکرنا چاہیے
اسیطرح سر منڈانا اور زیارت کرنے والوں جیسی صورت بنانا نچاہیے
اور دوسرے ارکان حج کو اسی پر قیاس کرسکتے ہیں اور تمام
بندگیوں میں بہتر بندگی زکوۃ اور خدا کی راہ میں مال
صرف کرنا ہے پس اگر کوئی نقد و جنس یا کھانا مردوں کے
نام یا بزرگوں کی نیاز یا جن پری اور فرشتے یا خدا
کے سوا کسی اور کے واسطے ہو تو شرک ہے اور اسکا کھانا ناجائز
اللہ تعالی فرماتا ہے حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ
وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهِ یعنی تم پر مردہ

کرده شد بر شمایان مرده و خون و گوشت خوک
و هر چیز که آواز کرده شد برای غیر خدا بآن چیز مثالش
آنکه در حضور پادشاه رعیتی نذر پیش غلام پادشاه برد
باآنکه پادشاه خود معبود هست پس لابد آن رعیت
بمعرض عتاب سلطانی همی افتد و نذر ششں را
نیز بر خاک ذلت می اندازد و اگر آن غلام قبول
کرده باشد آنهم بمحل غضب در آید و اگر انکار کرده
باشد نقصان باو نمیرسد پس آن نذر را که
بر خاک ذلت افتاده است شخصے دیگر قصد
گرفتن نماید لابد بمقام غضب سلطانی در آید
پس ظاهر شد با وجود حاضر بودن آن ملک
حقیقی اگر نقدے یا طعامے نذر غیر الله نماید
گرفتن و خوردن آن نا جایز بود درین جزو زمان
اکثر مردمان قرآن برای تقرب مردگان میخوانند
و طعام نذر بزرگان میدهند و نقد بنام غیر الله
میدهند چنانکه این جمله عبادات موحدان محض
برائے خدا می کنند چون مردمان سوال
مے کنند که چرا مرتکب این امر شرک عظیم میشوید
عوام الناس جوابهاے بیهوده و کلمات جهالت
بر زبان می آرند و مے گویند بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا
عَلَيْهِ آبَاءَنَا کلام شما قبول نکنیم بلکه عمل میکنیم
و پیروی مینمائیم آن چیز را که جمیع یافته ایم بران پدران
خود را یعنے از گفته شما سوم جد و پدر نمیگذاریم

اور خون اور سور کا گوشت اور جس چیز پر غیر خدا کا نام پکارا
جاوے حرام ہے اسکی مثال یون سمجھئے کہ کوئی رعیت
بادشاہ کے سامنے اوسکی غلام کے پاس نذر لے گیا باوجودیکہ
بادشاہ خود معبود ہے پس ایسے وقت بالضرور وہ
شخص غضب سلطانی کے محل مین پڑیگا اور بادشاہ
اوسکی اس نذر کو خاک ذلت پر ڈالے گا پھر اگر یہ
نذر غلام نے قبول کر لی ہو تو وہ بھی محل غضب بادشاہی
ہوگا البتہ اگر غلام نے اوس کو قبول کرنے سے انکار کیا ہے
تو اوسکو کوئی نقصان نہ پہنچیگا پھر اوس نذر کو جو ذلت
کی خاک پر پڑی ہوئی ہے اگر کوئی اور لینے کا ارادہ
کریگا تو وہ بھی ضرور بادشاہی غضب مین گرفتار ہوگا پس
معلوم ہوا کہ باوجود ہونے اوس حقیقی بادشاہ کے اگر کوئی نقد یا
کھانا غیر خدا کی نذر کرے اوس کا لینا اور کھانا بالکل ناجائز
ہے اس اخیر زمانہ مین اکثر آدمی مُردون کی قربت واسطے
قرآن پڑھتے اور کھانا بزرگون کی نذر دیتے ہین اور
نقدی غیر خدا کے نام پر صرف کرتے ہین جیسا کہ موحد لوگ
یہ سب عبادتین محض خدا کے واسطے کرتے ہین جب آدمی اونسے
سوال کرتے ہین کہ تم اس شرک عظیم کو کیون مرتکب ہوتے ہو تو
عوام الناس تو بیہودہ جواب دیتے اور جہالت بھرے کلمے زبان
پر لا کر کہتے ہین بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ہم تمہارا
کہنا نہ مانینگے بلکہ جس چیز پر ہم نے اپنے باپ دادا کو جمع
پایا ہے اوسی پر عمل کرین گے اور اوسکی پیروی بجا
لاوینگے یعنی تمہارے کہنے سے ہم اپنے باپ دادا کی رسم نہ چھوڑینگے

مردمانیکه سابق مرتکب این امور شده اند هیچ مصلحتی فهمیده باشند بجواب ایشان خدای عزوجل مے فرماید اَوَلَوْ کَانَ آبَاؤُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ شَیْئًا وَّلَا یَهْتَدُوْنَ یعنی اگر آبای شما باشند که فهم نمیکردند چیزی را و هدایت نیافته باشند بسوی توحید چه جای تعجب است یعنی فقط رواج آباء شما برای محمود بودن آن عمل دلیل نیست تعجب نکنید در گمراهی پدران خود اگرچه بظاهر دلق در بر داشته باشند و بعضے مردمان که روز چند کتاب بینی کرده اند حیلها شرعی اظهار مینمایند که ما قرآن برای بزرگان نمیخوانیم و طعام بنام غیر الله نمیدهیم و جانور برای بزرگان ذبح نمے کنیم بلکه این امور حسنه محض برای خدا میکنیم و ثوابش به بزرگان مے بخشیم تامل نیک باید نمود که ایشان حیله گران اند اگر برای خدا میکنند چرا تخصیص ماه مے نمایند مثل محرم و ربیع الثانی و جمادی الاول و شعبان و غیره و چرا تخصیص طعامهای مرغوب بزرگان مے نمایند مثل پلاؤ و مالیده و غیره و حصه یاموال خود چرا مقرر مے کنند که او را قبل از ایام مقرره اندک هم لله صرف نمے کنند و جانوریکه ذبح مے کنند چرا بر وے نشان مے بندند و پیش قبور مے برند این همه شرک خالص است

آخر پہلے لوگ جو اس کام کو کر گئے ہیں اونہون نے بھی تو ہمیں کچھ نہ کوئی مصلحت سمجھی ہوگی اون کے جواب میں خدا تعالی فرماتا ہے وَلَوْ کَانَ آبَاؤُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ شَیْئًا وَّلَا یَهْتَدُوْنَ کہ اے محمد تم ان سے کہدو بھلا اگر تمہارے باپ دادا کسی بات کو سمجھتے ہوں اور توحید کیطرف راہ یاب نہوں تو کیا تعجب کی بات ہے یعنی صرف تمہارے باپ دادا کی رسم و رواج اس کام کو پسندیدہ ہونے کی دلیل نہیں ہے اپنے باپ دادا کی گمراہی میں تعجب نہ کرو اگرچہ بظاہر گدڑی پوش بھی ہوں اور بعضے آدمی چند دن کتابوں کا مطالعہ کر کے شرعی حیلہ ظاہر کرنے لگتے ہیں کہ ہم قرآن بزرگوں کے لئے نہیں پڑھتے غیر خدا کے نام پر کھانا نہیں دیتے بزرگوں کے واسطے جانور ذبح نہیں کرتے بلکہ یہ سب نیک کام محض خدا کے واسطے کرتے اور اوسکا ثواب بزرگوں کو بخشتے ہیں غور کرنا چاہئے کہ یہ لوگ حیلہ گر نہیں تو اور کون ہیں بھلا اگر خدا کے واسطے کرتے ہیں تو مہینہ کی تخصیص جیسے محرم میران جی مدار شب برات وغیرہ کی کیوں کرتے ہیں اور جو کھانے اون بزرگوں کو مرغوب ہوتے ہیں جیسے پلاؤ مالیدہ وغیرہ کو کیوں خاص کرتے ہیں اور اپنے مالوں میں حصہ کیوں مقرر کرتے ہیں کہ ایام مقررہ سے پہلے کچھ بھی صرف نہیں کرتے اور جس جانور کو ذبح کرتے ہیں اوسپر کیوں نشان لگاتے اور قبروں کو سامنے لیجاتے ہیں یہ سب باتیں خالص شرک کی ہیں

کہ شیطان بحیلہ و فریب بخشیدن ثواب دل
آنہا انداختہ است بسبب اینکہ آن ملعون
بحضور پروردگار وعدہ کردہ است قال
لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيبًا مَّفْرُوضًا
وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ
اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ
اللّٰهِ وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ
فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا گفت شیطان
از خدای عزوجل کہ بیشک خواہم گرفت از بندگان
تو حصۂ مقرر کردہ شدہ و بیشک گمراہ خواہم کرد
آنہا را و بہ تحقیق آرزوے باطل در دل آنہا
خواہم انداخت و بیشک حکم خواہم کرد ایشان
را پس بشگافند گوشہائے چارپایان
را و ہر آئینہ حکم خواہم کرد پس باید کہ متغیر کنند
خلق خدا را و ہر کسیکہ بگیرد شیطان را دوست
سوای خدا پس بیشک در نقصانے افتاد
نقصانے ظاہر یعنے شیطان وعدہ کردہ
است کہ از بندگان تو حصۂ مقرر خواہم کرد
باینطور کہ ہر سال در دو صد روپیہ اینقدر نیاز
غیر اللہ بدہند یا ہر سال اینقدر غلہ بنام فلان
بزرگ جدا نمایند و آرزوئے باطل در دل آنہا
انداختہ است مثلا این مضمون کہ ہر شخص
نیاز این بزرگان ادا خواہد کرد ضرور این

کہ شیطان نے حیلہ اور فریب سے اون کے دلون مین
ثواب کا بخشنا اور اوسکا عمل کرنا ڈالدیا ہے کیونکہ وہ
ملعون خدا کے سامنے وعدہ کرچکا ہے قَالَ لَاَتَّخِذَنَّ
مِنْ عِبَادِكَ نَصِيبًا مَّفْرُوضًا وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَ
لَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ
وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ وَمَنْ يَّتَّخِذِ
الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا
مُّبِيْنًا خداتعالی کے حضور مین شیطان بولا کہ
بلاشبہ مین تیرے بندون سے ایک مقرر و معین حصہ لونگا
اور بیشک مین اونھین گمراہ کرونگا اور اون کے
دلون مین جھوٹی آرزوئین ڈالونگا اور مین اونھین
جانورون کے کان پھاڑنے کا حکم کرونگا مین اونھین
حکم کرونگا وہ خدا کی پیدایش کو بدل ڈالین گے
خداتعالی فرماتا ہے جو شخص خدا کے سوا شیطان
کو دوست رکھے گا بلاشبہ وہ صریح اور
ظاہر نقصان مین پڑیگا یعنے شیطان نے
وعدہ کیا ہے کہ مین تیرے بندون سے
باین طور حصہ مقرر کرونگا کہ ہر برس دو سو روپیہ مین
سے اسقدر خدا کے غیر کی نیاز چڑھائین یا ہر برس
اتنا غلہ فلان بزرگ کے نام پر علیحدہ کرین اور
اون کے دلون مین باطل آرزوئین ڈالین
مثلا یہ مضمون سمجھا یا ہے کہ جو شخص ان بزرگون
کی نیاز ادا کرے گا تو یہ بزرگ اوسکی ضرور

بزرگان شفاعت کرده بجنت خواهند برد
وحکم مے کنند تا خلقت خدائے را متغیر
مے کنند باینطور که خود را خواجه سرا
کنند یا ریشہا رخود را بتراشند یا بطور دیگر
خود را منقلب کنند نعوذ باللہ منہا این
ہمہ مکر شیطان است که بتقریب ثواب
بخشیدن بخاطر مردمان شرک مے اندازد و
وعدہ ہائے خود را ایفا مے نماید و اگر
از مردمان ثواب ختم قرآن طلب نمایند
به بخشیدنش تامل نمے کنند و اگر یک روپیہ
بخواہند ہزار حیلہ درمیان آرند پس ثواب
آخرت در دل اینہا قدر و وقارے ندارد
که بے تکلف بدیگران مے بخشند بحدیث
مذکور ہست که بروز قیامت شخصے را نیکی
وبدی بمیزان عدالت برابر خواہد شد حکم
خواہند کرد که یک عمل خیر دیگر بیار تا نیکی تو
زیادہ شود و مستحق جنت شوی پیش ہر یک
عزیز دست التجا دراز خواہد کرد ما در و پدر و زن
و فرزند به بخشیدن یک عمل خیر اعراض خواہند
نمود امروز چه بے باکی ہست که بخشیدن
ہزارہا عمل خیر دریغ نمے کنند مگر قدر اعمال
و خوف آخرت ندارند و اعمال را بس
خفیف و سبک مے انگارند و حقیقت ثواب

شفاعت کرکے جنت بہیں داخل کرینگے
نیز شیطان حکم کرتا ہے کہ لوگ خدا کی سدا نکتی کو
اسیطرح بدل ڈالتے ہیں کہ اپنے کو خواجہ سرا بنا لیتے ہین
یا داڑیون کو منڈوا لیتے یا کسی اور طرح اپنی شکل
پلٹ لیتے ہیں نعوذ باللہ منہا پس یہ شیطان
کے داؤ ہیں اور ثواب عطا کرنیکے تقریب سے
آدمیون کے دلون ہین شرک ڈالتا اور اپنے
وعدون کے پورا کرنے ہین کوشش کرتا
ہے دیکھئے اگر آدمیون سے قرآن مجید کے
ختم کا ثواب طلب کرتے ہین تو اسکو دینے
ہین کچھ بھی تامل نہین کرتے اور ایک روپیہ
مانگئے پر ہزارون حیلے پیدا کرتے ہین پس
ان لوگون کے دلون ہین آخرت کا ثواب کوبھی
وقعت قدر نہین رکھتا کیونکہ بے تکلف اوروں کو بخشدیتے
ہین ایک حدیث ہین آیا ہے کہ قیامت کے دن
ایک شخص کی نیکی اور بدی میزان عدالت ہین
برابر اوترینگی حکم ہوگا کہ ایک بھلائی اور لے آ
تاکہ تیری نیکی زیادہ ہوجائے اور جنت کا مستحق ہو
پس یہ شخص ہر ایک عزیز کے آگے التجا کا ہاتھ پھیلائیگا
مگر مان باپ اور جورو بچے ایک بھلائی تک دینے ہین انکار
کرینگے غرضکہ ایک نیکی ڈھونڈے نہ ملیگی آج کیا شوخ چشمی
اور بیخوفی ہے کہ ہزارون نیکیوں کے بخشنے ہین بھی دریغ
نہین کرتے مگر بات یہ ہے کہ یہ لوگ اعمال کی قدر اور آخرت

بخشیدن باید فهمید که نزد بعضے علما ثواب
از بخشیدن دیگر بدیگر نمیرسد بدلیل قوله تعالیٰ
لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ خاص
برائے اوست هرچه کسب کرده است و
بر وست هرچه کسب کرد و نیز از بسیارے
از آیات و احادیث بر همین معنی دلالت
میدارد و نیز مخالف قیاس است که هنوز
قبولیت و عدم قبولیت عمل بجناب پروردگار
ظاهر نشده و جزا در دست این شخص موجود
نیست بدیگران چه مے بخشد و نزد بعضے
علما مثل ابو حنیفه رحمة الله علیه ثواب
اعمال بدنی مثل نماز و روزه وغیره بدیگران
نمیرسد و ثواب عبادت مالی مثل طعام خورانیدن
و چاه کندیدن و پل بستن لله از بخشیدن
مردمان بدیگران میرسد قیاس برینکه جمله
علما متفق اند که اداے دین دیگران بعذا
آخرت برائے مردگان رہائے میشود
و نقل است که از پیغمبر خدا صلے الله علیه وآله وسلم
یارے پرسید که مادرم مرده است میخواهم
که چیزے بکنم که بکارش آید حضرت بکندن
چاهے اشاره فرمود اما جمله اهل علم متفق اند
براینکه بخشیدن اعمال بدیگران بسیار و متواتر
اصحاب منقول نیست باوجودیکه از یادران

کا خوف نہیں رکھتی بلکہ اعمال کو نہایت خفیف اور
ہلکا جانتی ہیں اب ثواب کے بخشنے کی حقیقت سمجھنی چاہیے بعضی
علما کہتے ہیں کہ ایک شخص کا ثواب دوسرے شخص
کو نہیں پہونچتا اور اسپر دلیل خدا تعالیٰ کا قول
لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ہے یعنے ہر ایک کے
لیے اوسی چیز کا نفع ہے جو اوسنے کمایا اور خاص اوسی کا
ذمہ ہے جو اوسنے حاصل کیا علاوہ اسکے اور بہت سی
آیات و احادیث اسی معنی پر دلالت کرتے ہیں اور
قیاس کے مخالف بھی ہے کہ ابھی تک جناب الٰہی
میں عمل کا قبول ہونا اور نہ ہونا ظاہر نہیں ہوا اور
جزا اس شخص کے ہاتھ میں نہیں ہے تو دوسرں کو
کیا بخش سکتا ہے اور بعض علما جیسے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ
علیہ کے نزدیک بدنی اعمال کا ثواب جیسے نماز روزہ
وغیرہ دوسروں کو نہیں پہونچتا ہاں عبادت مالی
کا ثواب جیسے کھانا کھلانا کنواں کھودانا
پل بنوانا جو محض خدا کے واسطے آدمیوں کے بخشنے سے
دوسرں کو بھی ثواب باین قیاس پہونچتا ہے کہ تمام
علما متفق ہیں کہ قرضداروں کے قرض ادا کرنیسے مردوں
کے عذاب آخرت سے رہائی ہوتی ہے اور منقول ہے کہ
پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کسی صحابی نے دریافت کیا
کہ میری ماں مر گئی ہے میں اوسکے لیے کوئی ایسی چیز
کرنا چاہتا ہوں جو اوس کے کام آئے حضرت نے
کنواں کھودنے کا اشارہ فرمایا لیکن تمام اہل علم

وپدران وبزرگان محبت بسیار میداشتند و
حقوق آنها خوب شناختند چندانکه مایان
نمی شناسیم ثابت نیست که اکثر این عمل بفعل
آورده باشند چنانکه باین جزو زمان بکثرت
می کنند و علما جمله متفق اند برانیکه در بخشیدن
اعمال بمردگان اگر هست نفع قلیل است
اگر شخصی بزندگانی خود یک پول بدهد
بهتر ازان است که پس از وی لکه پول بدهند
اگر شخصی تمام عمر خود را بتحصیل دنیا برباد
داده باشد و یک عمل خیر نکرده و خدای
او از وی راضی نشده ممکن نیست که بعد از
مردنش اعمال خیر پس وی روانه کنند و
او را از عذاب آخرت خلاص نمایند بلبل
شیرازی همین نغمه سرا ید بیت برگ
عیش بگور خویش فرست * کس نیارد زکس تو
پیش فرست * علاوه ازین اینست که بخشیدن
ثواب اعمال اگرچه درست است لیکن موجب
شرک است بسبب اینکه عوام الناس فرق
نمی کنند در اینکه ثواب عبادات به بزرگان
می بخشیم یا خود عبادت برای تقرب بزرگان
و رضاء ایشان میکنیم آخر عبادات بنام
غیر الله می کنند و مشرک میشوند پس درین
زمان که کثرت اعمال شرک است خواص را

اس بات پر متفق ہین کہ اپنے کامونکا اور انکو ثواب بخشنا
بہت سی متواتر صحابیون سی منقول نہین ہے باوجود یکہ
وہ حضرات مان باپون اور بزرگون سی اس درجہ
محبت کرتے تہے اور اون کے حقوق اسقدر پہچانتے
تہے جس قدر کہ ہم نہین پہچانتے مگر اس فعل کا
عمل مین لانا اکثر حضرات سے ثابت نہین ہوا جیسا
اس زمانہ کے لوگ اس فعل کو بکثرت کیا کرتے ہین نیز
ساری علما کا اتفاق ہے کہ مردون کو اعمال کا ثواب
بخشنے مین اگر نفع ہے بھی تو بہت تہوڑا ہے اگر کوئی
آدمی اپنی زندگی مین ایک پیسہ خرچ کرے تو اوسکے
پیچہے لاکہ پیسون کے خرچ کرنے سے بہتر ہے اسیطرح
اگر کسی آدمی نے اپنی ساری عمر کو دنیا کے حاصل کرنے
مین ضایع اور برباد کر ڈالا اور کوئی بھی بہلا
کام نہ کیا جسکی وجہ سے خدا اوس سے ناراض ہے
تو ممکن نہین کہ اوسکے مرنے کے پیچہے اور لوگ اعمال
خیر بجا لاوین اور وہ اوسکو آخرت عذاب سے چہڑا لین بلبل
شیرازی یون نغمہ سرا ہوتا ہے * سامان عیش
اپنی قبر مین آپ بہیج * کیونکہ کوئی کسی کے کام
نہین آتا ہے تو آپ مرنے سے پہلے بہیج * اسکے علاوہ
یہ بات بہی ہے کہ اگرچہ اعمال کا ثواب مردونکا بخشنا درست
ہے لیکن شرک کا موجب بہی ہے کیونکہ عوام الناس تمیز
نہین کرتے کہ ہم ان عبادتون کا ثواب بزرگون کو
بخشتے ہین یا خود بزرگون کی قربت و رضامندی

باید کہ ازین چنین اعمال تغافل و چشم پوشی
نمایند تا در شرک بستہ شود و ثابت است کہ
بخشیدن ضرور نیست و اگر گمان فایدہ است
نیز بسیار قلیل چہ ضرور است کہ بار تکاب
امثال این امور در شرک بکشایند و بگمان فایدۂ
قلیل ہزارہا مومن را راہ جہنم پیمایند از دیدن
قبور موت خود بیاد می آید و دنیا سرا بے
نماید با این ہمہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ
و آلہ و صحابہ و من تبعہم اجمعین اولاً ہمہ کسان را منع
فرمود کہ کسے قبر را نہ بیند و پیشش نرود بجہت
اینکہ مردمان تعظیمات قبور از حد زیادہ بجا
مے آوردند چون ایام جاہلیت رفت و مردمان
موحدان شدند و تعظیمات قبور موقوف
کردند مردان را بدیدن قبور اجازت مثلاً
زنان را ہنوز منع ہست کہ زنان ناقص العقل
میشوند ضرور بالضرور تعظیم خلاف شرع یا
نوحہ خواہند کرد و بحق زن نوحہ کنندہ در روز حشر
وعید عذاب آخرت وارد شدہ ہست و اگر
شخصے را منظور باشد کہ فائدہ ارواح انبیاء و اولیاء
و پیران و مجتہدان یا مادر و پدر برسد طریقش
ازین بہتر نیست کہ محض خالصاً للہ اعمال خیر و
عبادات ادا نماید بدل و جان مطیع فرمان الٰہی
گردد و ثواب عبادات بکسے نہ بخشد بلکہ خود ہم

کو واسطے عبادت کرتے ہیں پھر رہی انجام کار غیر خدا کی نام
کی عبادت کرنے لگتے اور مشرک بنجاتے ہیں چونکہ اس
زمانہ میں اعمال شرک کی کثرت ہے لہذا عام لوگوں کو
مناسب ہے کہ اس قسم کے کاموں سے غفلت و چشم پوشی
کریں تاکہ شرک کا دروازہ بند ہوجائے اور یہ بات
ثابت ہوچکی ہے کہ اپنے اعمال غیر کو بخشنے ضروری نہیں
اگر اسمیں فائدہ خیال کیا جاسکتا ہے تو بہت ہی تھوڑا
پس ان جیسے کاموں سے شرک کا دروازہ کھولنا کیا
ضرور ہے اور تھوڑے سے فائدہ کے خیال پر ہزاروں
مسلمانوں کو دوزخ کا رستہ دکھانے سے کیا فائدہ
ہے قبروں کو دیکھنے سے ہرچند کہ اپنی موت یاد آتی اور دنیا
سراب معلوم ہوتی ہے مگر پھر بھی جناب رسالت مآب صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم نے پہلے پہل سب کو منع فرمایا کہ کوئی شخص
قبر کی زیارت نکرے اور اوسکے سامنے جاکر کھڑا نہ ہو صرف
اس واسطے کہ اس زمانہ کے آدمی قبروں کی تعظیمیں حد سے
زیادہ بجالاتے تھے لیکن جب جاہلیت کا زمانہ گذر گیا
اور موحد آدمی پیدا ہوے اور قبروں کی تعظیمیں
موقوف کردیں تب صرف مردوں ہی کو قبروں کی زیارت
کی اجازت ہوئی پر عورتوں کو وہی ممانعت باقی
رہی وجہ یہ کہ عورتیں ناقص العقل ہوتی ہیں وہ قبروں پر
جاکر ضرور بالضرور کوئی خلاف شرع تعظیم یا نوحہ
کرینگی اور نوحہ کرنے والی عورت کے حق میں وعید عذاب
آخرت وارد ہوئی ہے اگر کسی شخص کو منظور ہو

نخواهد بدل اینقدر دارد که برائے رضامندی
وخوشنودی مالک خود این کار کرده ایم و مزد
درکار نداریم بلکه رحمت وعنایتش برائے بخشایش
مایان کفایت میکند چنانچه خواجه حافظ رحمة الله
تعالی علیه میفرماید **بیت** تو بندگی چو گدایان
بشرط مزد مکن ٭ که خواجه خود روش بنده پروری
داند ٭ خدا تعالی این مومن را اجر بسیار خواهد
داد و نیز بذوی الحقوقش ثواب خواهد رسانید
که باحادیث صحیح آمده است که ثواب اعمال
اولاد بآبا و اجداد بغیر از بخشیدن میرسد و
ثواب عامل نیز کم نمیشود و بهمین طور ثواب
اعمال شاگردان باستادان علم ظاهری یعنی
علماء و مجتهدین و استادان علم باطنی یعنی
پیران طریقت برسد مناسب است که آدم
مطیع پروردگار شود چون خدا تعالی ازین
بنده راضی خواهد شد و مقبول بارگاه خود کرد
از احوال ذوالحقوق این بنده که دلش برائے
بخشایش وے متعلق است غفلت کلی نخواهد
کرد **فصل پنجم** در بیان ملحق بعبادت باید دانست
که سوائے شارع علیه الصلوة والسلام اقوام
دیگر تعظیماتیکه برائے خدا مقرر نموده اند اگر
شخصے آنرا تعظیما پیش غیر الله ادا نماید مشرک
میشود چراکه این همه ملحق بعبادت اند مثلاً شخصی

کہ ہم سے انبیا اور اولیا یا پیرون یا مجتہدون یا ان باپ
کسی قسم کا فائدہ پہنچے تو اوسے اس طریقہ سے بہتر اور کوئی
طریقہ نہیں کہ محض خالص خدا کے واسطے پہلے کام اور عبادت
بجا لاوے اور دل و جان سے فرمان الٰہی کا مطیع ہو کر عبادت اور
کا ثواب کسیکو نہ بخشے بلکہ خود بھی اونکا ثواب پہنچا ہے یا ان
دلمین صرف اسقدر خیال کرے کہ ہم نے محض اپنے مالک کی
رضامندی اور خوشنودی کے واسطے یہ کام کیا ہے اسکی مزدوری
اور اُجرت ہمین درکار نہین بلکہ اوسکی رحمت و عنایت
ہماری بخشش کے واسطے کافی ہے جیسا کہ خواجہ حافظ رحمة اللہ
فرماتے ہین ٭ تو گدا اونکی طرح مزدوری کی شرط پر بندگی
نہ کر کیونکہ سردار بندہ پروری کا طریقہ آپ جانتا ہے
اس طریق پر خدا تعالی اس مسلمان کو بہت سا اجر دیگا
اور اوسکے حقدارون کو بھی ثواب پہنچائیگا کیونکہ صحیح
حدیث مین آیا ہے کہ اولاد کے عملونکا ثواب باپ دادا کو
بدون بخشے پہنچتا ہے اور کرنیوالیکا ثواب بھی کم
نہین ہوتا اسیطرح شاگردون کے عملونکا ثواب علم
ظاہری کے اوستادون یعنی عالمون او مجتہدون
اور علم باطنی کے مرشدون یعنی پیران طریقت کو پہنچتا
ہے پس مناسب ہے کہ آدمی اپنے پروردگار کا فرمانبردار
ہو کیونکہ جب خدا تعالی اس بندہ سے راضی ہوگا اور
اپنی بارگاہ کا مقبول بنائیگا تو اس بندہ کے حقدارون
کے احوال سے کہ اسکا دل اونکی بخشایش کے ساتھ متعلق ہے
بالکل غفلت نہ کریگا **پانچوین فصل** اون چیزون کے

پیش بزرگی یا قبرے بیک پا استاده شود
یا سر خود را زیر کند و پائے خود را بالا کشد
بشرک جلی گرفتار خواہد شد یا تعظیمے جدید اختراع
نماید کہ سوائے خدائے لایق قدر بزرگان نیست
البتہ مشرک خواہد شد چنانکہ مردمان بسوئے
قبور قدمے چند میپرند و باز ایستاده میشوند
و کج شده باز پس مے آیند و بطرف آن
قبر پشت نمیکنند بلکہ بطرف پشت گامے
نہند و باز آیند و امثال این ہم برین قیاس
باید کرد بعضے مردمان میگویند کہ مایان بزرگان
را شریک خدا نمیدانیم و حل مشکلات از ایشان
نمیخواہیم بلکہ ایشان مقربان بارگاہ الہی ہستند
ہم و سیلہ از خدا خواہند کرد باعث ہمین ست
کہ تعظیمات ایشان زیاده از حد بجاے آریم
بجواب ایشان حق سبحانہ و تعالیٰ میفرماید
وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ مَا نَعْبُدُهُمْ
إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَىٰ إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ
فِي مَا هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي
مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ آنانکہ دوست گرفتہ اند
بجز خدا گفتند کہ عبادت نمیکنیم ایشان را
مگر برائے اینکہ نزدیک کنند مایان را بسوئے
خدا در مرتبہ قرب ہر آئینہ خدا حکم میکند میان
ایشان در آنچہ در آن اختلاف داشتند ہر آئینہ خدا راه نمی نماید

بیان ہین جو عبارات کہ مشابہ ہین جاننا چاہیے کہ شارع
علیہ السلام کے علاوه اور لوگون نے جو تعظیمین خدا کے واسطے مقرر
کی ہین اگر کوئی شخص او نہین غیر خدا کے ساتھ تعظیماً بجا
لائیگا مشرک ہوگا کیونکہ عبادات کے مشابہ ہین مثلاً کوئی
شخص کسی بزرگ یا قبر کے آگے ایک پانون کے بل کہڑا ہوگا
یا سر نیچے اور پانون اوپر کریگا شرک جلی مین گرفتار ہوگا
یا کوئی ایسی نئی تعظیم پیدا کرے جو خدا کے علاوه بزرگون
کی قدر کے لایق نہو تو بھی مشرک ہوگا جیسا کہ بعض
آدمی قبرونکی طرف چند قدم چلتے پھر ٹھہرتے اور ٹیڑہے ہو کر واپس
آتے ہین اور اوس قبر کی طرف پیٹھ نہین کرتے بلکہ
پچھلے قدم ہٹکر آتے ہین اسیطرح ان جیسے اور کامون
کو اسپر قیاس کرنا چاہیے بعضے آدمی کہنے لگتے ہین کہ ہم
بزرگون کو خدا کا شریک نہین جانتے اور نہ اون سے
مشکل کشائی کی خواستگار ہوتے ہین بلکہ وہ لوگ چونکہ
دربار الہی کے مقرب ہین تو ہم کو بھی خدا سے قریب کرینگے اسیواسطے
سے ہم اونکی تعظیم حد سے زیاده بجا لاتے ہین حق تعالیٰ اونکے
جواب مین فرماتا ہے وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ
مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَىٰ إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ
بَيْنَهُمْ فِي مَا هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي
مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ جو لوگ خدا کے علاوه اور
لوگون کو دوست رکھتے ہین کہتے ہین ہم انکو صرف
اسواسطے پوجتے ہین کہ یہ ہمکو مرتبہ قرب مین خدا کی
طرف نزدیک کردینگے خدا تعالیٰ انمین حکم کرتا ہے

کسے راکہ دروغ گوئی کافرست یعنی درمیان
موحدان و مشرکان اختلاف ہست موحدان
میگویند کہ این اعمال شرکست از خدا
دور مے افگند و مشرکان میگویند کہ این
تعظیمات بزرگان موجب قرب خدا است
خداوند تعالی فرمود کہ ما حکم مے کنیم درمیان
اختلاف شمایان و قول فیصل میگوئیم مشرکان
کاذب اند در قول خود کہ میگویند کہ ما تعظیم و
عبادت بزرگان نمی کنیم مگر برائے اینکہ
مارا از خدا قریب مے کنند بلکہ عبادت بزرگان
برائے دفع بلا اینما بندہ بزرگان را قادر بر رفع حوائج
میدانند و غیر اللہ را دوست داشتن و عبادتش
کردن آدم را کافر مے کند چگونہ موجب قرب
الٰہی خواہد شود و ہدایت بدست خدا است
و او تعالی ہدایت نخواہد کرد این مشرکان دروغ
گوئی راکہ میگویند قریب کردن از خدا تعالی
باختیار بزرگانست اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ
مَنْ اَحْبَبْتَ را فراموش مے کنند

فصل ششم دربیان اشراک فی العادت

باید دانست کہ موحدان را عادت دیگر
مے باشد و مشرکان را دیگر موحدان در
نشستن و برخواستن و بہ پہلو گردیدن
نام خدا لے بیاد مے آرند یعنی یا اللہ

جس چیز مین کہ یہ اختلاف کرتے ہین البتہ خدا راستہ
پر نہین لگاتا اوس شخص کو کہ جھوٹا اور کافر
ہے یعنے موحدون اور مشرکون مین اختلاف
ہے موحد کہتے ہین کہ یہ اعمال شرکیہ ہین خدا
سے دوری پیدا کرتے ہین مشرک کہتے ہین کہ یہ
بزرگون کی تعظیمین خدا کی قربت کا موجب ہین خدا
تعالی نے فرمایا کہ ہم تمہارے اختلاف مین صاف
حکم اور فیصل قول بیان کرتے ہین کہ مشرک اپنے
قول مین محض جھوٹے ہین اگرچہ بظاہر کہتے ہین
کہ ہم بزرگون کی تعظیم و عبادت صرف اسواسطے کرتے
ہین کہ وہ ہم کو خدا سے قریب کر دینگے مگر درحقیقت بلا
کسی فیصلہ کے اسلئے بزرگون کو عبادت کرتے ہین اور
حاجتون کے پورا کرنے پر اونہین قادر جانتے ہین حالانکہ غیر
خدا کو دوست رکھنا اور اوسکی عبادت کرنا آدمی
کا کافر بنا دیتا ہے کیونکر قرب الٰہی کا موجب ہوگا
حالانکہ ہدایت خدا کی ہاتھ مین ہے اور حق تعالی
ان جھوٹے مشرکون کو جو کہتے ہین کہ خدا تعالی اسے
نزدیک کرنا بزرگون کے اختیار مین ہے راہ پر نہین
لگاتا یہ سمجھتے آیہ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ بھول گئے ہین

چھٹی فصل عادت مین شرک کرنے کی بیان مین

جاننا چاہیئے کہ موحدون کی اور عادت اور مشرکون کی
اور عادت ہوا کرتی ہے موحد بیٹھتے اوٹھتے کروٹ

ویارب ویاکریم وامثال این الفاظ مے
گویند چنانکه حکم ست فَاذْكُرُوا اللهَ
قِيَامًا وَّقُعُودًا وَّعَلٰى جُنُوبِكُمْ یاد آرید
نام خدا را در نشستن و برخاستن و بر پہلوہا
خود و بعضے مردمان عکس این آیه یا پیر
یا خواجه یا علی مے گویند مومن را ازین حذر
واجب است و قول خود را موکد بقسم کردن
از عادی ضروری انسان است لایق
سوگند ہمون ذات پاک است که سوگند
دلالت بر اعلی مرتبہ تعظیم ومحبت و حاضر
وناظر بودن خدا مے کند این معنی لایق
بزرگان نیست و اطفال خود را بنامی مشہور
نباید کرد که در وشرک لازم آید مثل عبدالرسول
وبندہ علی وغلام غوث بروز قیامت روبروی
آن شہنشاہ چون ندا کردہ خواہد شد که بیارید
بندہ علی صاحب این اسم چہ شرمساری با خواہد
کشید و عزیزان را وقت رخصت نباید گفت
که بفلان بزرگ سپردم بلکه مثل این کلمه بزبان
آرند که خدایا رتو باد و نگہدار عزوجل سپردم
که حافظ وناصر از اسماء الہی است وقتیکه آب
سرد بیاشامند ویا غذای لطیف خورند
ویا باد خوش وزند ویا بوی خوش از گل ریحان
بدماغ آید شکر خالق آن نعمت بجا باید آورد و یاد

لیتے خدا کا نام لیا کرنے یعنی یا خدا یا رب یا کریم
اور ان جیسے الفاظ کہتے ہین جیسا کہ اونہون خود حکم
فرمایا ہے فَاذْكُرُوا اللهَ قِيَامًا وَّقُعُودًا وَّعَلٰى
جُنُوبِكُمْ کہ خدا کو اوٹھتے بیٹھتے اور کروٹون کے
بل یاد کرو مگر بعضے آدمی اسکے برعکس یا پیر یا خواجہ
یا علی کہتے ہین مومن کو ان باتون سے پرہیز کرنا
واجب ہے اور چونکہ انسان کی ضروری عادت ہے
کہ وہ اپنے قول کو قسم کے ساتھ موکد کیا کرتا ہے
تو قسم کے لائق وہی پاک ذات ہے کیونکہ قسم کھانا
خدا کی اعلی مرتبہ اور تعظیم ومحبت اور اسکو حاضر ناظر ہونے پر
دلالت کرتا ہے یہ معنی بزرگون کے لایق نہین
ہین اور اپنے بچون کے نام ایسے نام سے مشہور نکرنا
چاہیے جس مین شرک لازم آتا ہے جیسے عبدالرسول
بندہ علی وغیرہ ۔ ۔ ۔ قیامت کے
دن جب اوس شہنشاہ کے سامنے ندا کیجائیگی
کہ بندہ علی کو حاضر کرو تو اوسوقت اس نام
والے کو کیسی شرمندگی حاصل ہوگی اسیطرح
اپنے عزیزون کو رخصت کرنیکے وقت یون کہنا
نچاہیے کہ تمہین فلان بزرگ کو سونپا بلکہ یہ کلمہ زبان سے
لائے کہ خدا تیرا مددگار ہے اور تجھے خدا کو سونپا
وجہ یہ کہ حافظ وناصر خدا کے نامون مین سے دو نام
ہین علی ہذا القیاس جب ٹھنڈا پانی پیئین یا لطیف
غذا کھائین یا عمدہ ہوا چلے یا گل وریحان کی خوشبو

دیگران نباید کرد بے انصافی محض است
کہ منعم حقیقی را کہ آن نعمتہائے پیدا کردہ و
بخشیدہ اوست فراموش کنیم و نام غیر اللہ بر
زبان آریم بیت اے چہ نیکیہا کہ با من کردۂ
با ہزاران نازہا پروردۂ باد آن لعین از نعمت
محروم باد کان بیارد نام غیرت را بیاد

فصل ہفتم در بیان بت پرستی باید فہمید کہ
اگرچہ در لغت بت پرستی صورت پرستی را
گویند اما در شرع معنی دیگر دارد یعنی تراشیدۂ
دست خود را پرستیدن موقوف بر تصویر
نیست ندیدۂ کہ نصاریٰ تصویر حضرت عیسیٰ
علیہ السلام را از دست خود مے تراشند
و پرستش مے کنند پس اگر تصویر بزرگان
بسازند و تعظیمانش بجا آرند و یا نقل تربت
حضرت حسین علیہ السلام یا نشانی بسازند
و نام بزرگان منسوب کنند از اقسام بت پرستی
باشند و نشان قدم بر سنگی منقش کردن و آنرا
نقش قدم جناب رسالت مآب صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم قرار دادہ تعظیمانش بجا
آوردن بر ہمین قیاس باید کرد و از ہمین
اقسام باشد پرستش قبرہا و آنحضرت صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم بر کسانیکہ چراغ بر قبور برند
لعنت فرمودہ است و بناء مکانات بر قبور

سے دماغ معطر ہو ان نعمتوں کو پیدا کرنیوالیکا شکر
بجالانا چاہئے کہ شوقت اوروں کو یاد کرنا چاہئے
بڑی بے انصافی کی بات ہے حقیقی منعم کو جسنے یہ نعمتیں پیدا
کر کو بخشی ہیں بھولتے اور اوسکے غیر کا نام زبان پر
لاتے ہیں اے وہ پاک ذات کہ کس قدر نیکیاں
میرے ساتھ تو نے کی ہیں ہزاروں ناز سے پالا ہے وہ مردود
تیری نعمت سے محروم رہے جو تیرے غیر کا نام یاد کرتا
ہے **ساتوین فصل** بت پرستی کے بیان میں جاننا
چاہئے اگرچہ لغت میں صورت پرستی کو بت پرستی
کہتے ہیں لیکن شرع میں اسکے اور معنی ہیں یعنی اپنے
ہاتھ کی تراشی ہوئی چیز کو پوجنا پس بت پرستی تصویر
ہی پر موقوف نہیں ہے دیکھئے نصاری حضرت
عیسے علیہ السلام کی تصویر ہاتھ سے گھڑ کر پرستش کرتے
ہیں پس اگر بزرگوں کی تصویریں بنا کر اونکی تعظیم
بجالائیں یا حضرت امام حسین کی تربت کی نقل یا کوئی
نشان بنا کر بزرگوں کی طرف منسوب کریں یہ سب
بت پرستی کی قسمیں ہیں اور کسی پتھر پر قدم کا نشان
منقش کرنا اور اوسے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ
وسلم کا نقش قدم قرار دیکر اوسکی تعظیم بجالانے کو اسی پر
قیاس کرنا چاہئے اور انہیں قسموں میں قبروں کی
پرستش بھی داخل ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قبروں
پر چراغ جلانے والوں پر لعنت کی ہے اور قبروں پر
مکان بنانے اور اونہیں اینٹ سے پختہ

ساختن وبخشت پخته بستن و از جص سفید کردن واز گچ محکم ساختنش را منع فرموده وموجبش ہمین است کہ تزئین قبور باعث شرک میشود واسراف مال است آنچہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت مرتضی علی کرم اللہ وجہہ را درباب قبور ارشاد فرمودہ بودند باحادیث صحیحہ وارد است وبہمہ کس معلوم ومسلم احتیاج تصریحش نیست تعظیمات درختان ومکانات سوائے مسجد بجا آوردن رانیز بر ہمین قیاس نمائی نشنیدہ کہ نزاد درخت بیعت الرضوان شدہ بود عمر رضی اللہ عنہ آنرا از بیخ برکندید کہ مبادا تعظیما تش بجا آرند وبدریای شرک مستغرق شوند واللہ تعالی اعلم بالصواب فقط

کرنے اور چونے سے سفید کرنے اور گچ سے مضبوط کرنے سے منع فرمایا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ قبور کی زینت شرک کا باعث اور اصراف مال کی وجہ ہوتی ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا تھا وہ صحیح حدیثوں مین وارد ہے اور سب لوگون کو معلوم اور مسلم اوس کی تصریح کی چندان ضرورت نہین نیز مسجد کے علاوہ درختون اور مکانون کی تعظیم بجا لانے کو اسی پر قیاس کیجیے کیا آپ نے نہین سُنا کہ جب بیعت رضوان کا درخت زیارت گاہ ہو گیا تو حضرت عمر رضی نے یا بیخ جڑ اوسے جڑ سے اوکھیڑ ڈالا کہ مبادا لوگ اسکی تعظیم بجا لائین اور شرک کے دریا مین ڈوب جائین واللہ اعلم بالصواب

ابیات

فرمود رسول آشکارا
من نیز برادرم شمارا
ہرگز نہ عباد تم نمائید
نہ غوث وقطب وانبیارا
من مشکل خود نمے کشایم
بر غیر مرا کجاست یارا
طاقت نبود سوائے ایزد
درویش وفقیر واولیارا

ابیات

آیا ہے حدیث مین بہ ظاہر
بھائی سمجھو تم مُجھ کو
ہرگز نہ کرو میری پرستش
پوجو نہ ولی نہ انبیا کو
کھلتے نہین مُجھسے میرے عقدے
دیجائے مدد جو ما سوا کو
طاقت یہ نہین سوا خدا کے
درویش وفقیر واولیا کو

کار صلحا دعاست لیکن
تبدیل نمی کنند قضا را
جز حق نبود که دست گیرد
مسکین و غریب بے نوا را
مخصوص بحق بود عبادت
با بندہ بس است شرک ندا را
غیر از در شاہ بندہ پرور
پیش کہ بریم التجا را
ہم درد تو دادہ خدایا
ہم از تو طلب کنم دوا را
تو مشکل دشمنان کشائی
تا چند گذاری آشنا را
جز ذات خدا بہ پیش دیگر
ہرگز نہ برید ماجرا را
تو بندۂ بندگان چرائی
بگذاشتی در خدا را
حاجت طلبی بغیر مولا
عیب است غلام باوفا را
ہر کس کہ شریک با خدا کرد
در دوزخ نار ساخت جا را
از شرک گریز صد منازل
تو نار سقر مکن گوارا
فرمود خدا کہ مردہ وگر
نشنید ہے زکس ندا را

نیکو نکا دعا ہے کام لیکن
کر سکتے نہیں بدل قضا کو
جز حق نملا کہیں سہارا
مسکین و غریب و بینوا کو
اللہ کی بندگی ہے مخصوص
تم چھوڑ دو غیر کی ندا کو
دروازہ کو چھوڑ کر خدا کے
لیجائیں کہاں ہم التجا کو
بھیجا ہے مرض الٰہی تو نے
ہیں تجھ سے طلب کروں دوا کو
تو دشمنوں کی مدد کرے جب
محروم رکھیگا آشنا کو ؟
جز ذات خدا کسیکے آگے
لیجاؤ کبھی نہ تم دعا کو
کیوں بندۂ بندگان بنا ہے
چھوڑا ہے عبث در خدا کو
حاجت طلبی سوائے مولا
ہے عیب غلام باوفا کو
جسنے کہ کیا شریک حق کا
دیکھے گا عذاب ہاویا کو
تو شرک سے بھاگ منزلوں دور
دوزخ کی نہ سر پہ لے بلا کو
قرآن میں صریح ہے کہ مردے
سنتے ہی نہیں کبھی ندا کو

فریاد کنید آن خدارا	فریاد کرو اُسی خدا سے
کان مے شنود ز تو شمارا	سنتا ہے ہمیشہ جو دعا کو
تابوت و نشان و قبر و نیزہ	تابوت و نشان سب ہین پتھر
این جملہ بمثل سنگ خارا	کیا دفع کرین کسی بلا کو
در قبر بود سوال اعمال	پوچھین گے لحد بیچ حال اعمال
پرسند نہ حال کربلا را	کب چھیڑین گے ذکر کربلا کو
عالم بنماز و روزہ مغرور	کس کام کا ہے نماز و روزہ
شرک و کفرش گرفت پارا	جب سجدہ کروگے ماسوا کو
مغرور شدی بنقش دیوار	ہے تجھکو تو عشق نقش دیوار
ملحوظ نمے کنی بنا را	کچھ دیکھ تزلزل بنا کو
صد حیف کہ عالمان این عہد	افسوس کہ اس صدی کے عالم
کردند شعار خود دغا را	لے بیٹھے ہین شیوۂ دغا کو
قرآن و حدیث را بپوشند	قرآن و حدیث کو چھپا کر
تبدیل کنند مدعا را	ظاہر کرتے ہین مدعا کو
مشرک شدہ زاہد و مشائخ	مشرک ہین وہ زاہد و مشائخ
گیرند برائے زر ریا را	کرتے ہین پسند جو ریا کو
گویند یکیست مرشد و حق	مرشد کو خدا سمجھ رہے ہین
باید کہ کنید سجدہ مارا	بھولے ہوئے ہین یہ سب خدا کو
اے مومن پاک دین مسلمان	اے مومن پاک دین مسلمان
گر خواستی رہ رضا را	گر چاہتا ہے رہ رضا کو
قرآن و حدیث را بسر نہ	قرآن و حدیث رکھلے سر پر
بگذار کلام ماسوا را	اور چھوڑ کلام ماسوا کو

تمت

تفریح الاحباب فی مناقب الآل والاصحاب

ایسی نایاب کتاب ناظرین نے کبھی دیکھی تو کیا سُنی بھی نہو گی۔ جسکو فاضل متبحر عبید اللہ بن عبد العلی القریشی الہاشمی اساتذہ علامۂ خلف نے عربی میں تصنیف کیا ہی۔ مصنف علیہ الرحمۃ نے نہایت عرق ریزی کی ہی اولاً خلفائے اربعہ کے فضائل و مناقب میں وہ مستند حدیثیں لکھی ہیں جو بڑے متبحر عالموں کی بھی زیر مطالعہ نہ آئی ہونگی اور خوبی یہ ہے کہ جن کتابوں سے احادیث کو اخذ کیا ہی انکا نام بھی درج کر دیا ہی۔ پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے فضائل بیان کرکے ضمناً مخالفوں کے اُن پیچ اعتراضوں کے جواب جو اُنہوں نے اپنی کج فہمی سے جناب خلافت مآب پر کئے ہیں نہایت بسط کے ساتھ دیئے ہیں اسیطرح باقی خلفائے ثلاثہ کے مناقب بترتیب مذکورہ بیان ہوئے ہیں۔ ثانیاً عشرہ مبشرہ کے محامد۔ ازواج مطہرات کے فضائل علیحدہ علیحدہ اس خوبی سے درج کئے ہیں کہ گویا جملہ کتب احادیث کی ایک مختصر سے فہرست حاوی جملہ مطالب ہی۔ ثالثاً اہلبیت کے ستودہ خصائل حضرات حسنین برگزیدہ فضائل بیان کرکے کتاب کو ختم کر دیا ہی۔ سچ تو یہ ہی کہ دریا کو کوزہ میں بند کرنا اسی کا نام ہی ہر چند یہ بے مثال نافعہ ایک بڑی عمدہ کتاب تھی۔ مگر منتہیوں کے لئے۔ اسی لئے ہمنے بنظر رفاہ عام نہایت جانفشانی سے اردو سلیس بامحاورہ ترجمہ کرایا اور عربی اردو ایسے حواشی جو مبتدیوں ہی کو نہیں بلکہ منتہیوں کے لئے بھی بکار آمد اور مفید ہیں زائد کئے۔ سب سے زائد خوبی یہ ہی کہ اسکا ایک کالم عربی دوسرا اردو جس میں اسکا پورا پورا ترجمہ صفحہ بصفحہ ہی۔ اسیطرح عربی کی حواشی ایک حواشی پر اور اردو کے دوسرے حاشیہ پر بڑی خوبی اور زینت کے ساتھ لکھے گئے ہیں اسکے ترجمہ اور حواشی کی پوری توصیف اسکے دیکھنے پر موقوف ہے ہم کو زائد لکھنے کی کچھ حاجت نہیں ہاں اتنا عرض کرنا ضرور ہی کہ اصل کتاب متن متین کی مانند اور اسکا ترجمہ ایک بیسود مطالب خیز شرح ہی۔ اسکی بڑی بڑی مشکل احادیث کی ترجمے ایسی حسن اسلوبی کے ساتھ لکھے گئے ہیں کہ کم استعداد آدمی بھی بدون فکر سمجھ سکتا ہی اور اوق مضمون کا منہ بسہولت ذہن نشین ہو سکتا ہی۔ اس نایاب کتاب کی عمدگی بڑے بڑے محققین کی تقریظیں ثابت کر رہی ہیں۔ غرضکہ یہ کتاب بہمہ صفت موصوف ہی اور ہماری غرض صرف آپکی ایک نظر انصاف پر موقوف ہے ایک جلد ضرور منگا کر دیکھیں۔ قیمت فی جلد بذریعہ ویلیو پی ایبل ۱۲؍

دیوان لطیف ۔ مجموعۂ خیالات لطیف مولانا مولوی محمد عبد اللطیف صاحب لطیف تخلص کا دیوان لطیف یعنی دیوان لطیف دو حصہ ہدیۂ لطیف اور تحفۂ لطیف ہی ایک تو کلام ملیح دوسرے نعت شریف ہمنے دیوان لطف بھی دیکھا ہی مگر دیوان لطیف کا لطف ہی نیا ہی نعت میں ایسا معجز کلام مولانا لطیف کی

سعادت الکونین

فی فضائل الحسنین

اعلان

بہ خاص و عام کو اطلاع دیجاتی

ہے کہ اس کتاب مسمی بہ تحفۃ الموحدین کے

جملہ حقوق تصنیف و تالیف ہمیشہ کیلئے مشتہر کے نام محفوظ

ہیں اور مشتہر نے بموجب قانون بست و ہفتم ۱۸۴۷ء درج فہرست رجسٹری

گورنمنٹ انڈیا بھی کرادیا ہے - لہذا بخدمت جملہ اہل مطابع و تاجران کتب

وغیرہ التماس ہے کہ کوئی صاحب اس کتاب کے جز یا کل کے چھاپنے

کے مجاز نہیں جبتک کہ میری تحریری اجازت حاصل نہ کرلیں

ہاں جسقدر جلدیں مطلوب ہوں مشتہر سے طلب فرمائیں

بامید نفع نقصان نہ اٹھائیں

المشتہر

مرزا محمد عبدالغفار بیگ مہتمم

اکمل الاخبار دہلی